پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

10/01/2022

وزیراعلیٰ نے کورونا انفیکشن سے بچاؤ اور علاج کے بندوبست کو مسلسل مستحکم بنائے رکھنے کی ہدایت دی

ماہرین کا ماننا ہے کہ یہ ویریئنٹ قبل کے مقابلے کم نقصاندہ ہے

کووڈ پروٹوکال پر پوری طرح عمل یقینی بنایا جائے

اینٹی گریٹیڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر اور نگرانی کمیٹیاں پوری طرح فعال رکھی جائیں

لکھنؤ:10 جنوری،2022

وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کورونا انفیکشن کی روک تھام اور علاج کے انتظامات کو مسلسل مضبوط رکھنے کی ہدایت دی ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں انفیکشن سے بچنے کے لیے خصوصی احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کووڈ پروٹوکول کی مکمل عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت بھی دی۔

وزیراعلیٰ آج یہاں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ٹیم-9 کی میٹنگ میں ریاست میں کووڈ-19 کی صورتحال کا جائزہ لے رہے تھے۔انہوں نے ہدایت دی کہ ریاست کے سبھی سرکاری/ پرائیوٹ دفاتر میں ایک وقت میں 50 فیصد اہلکاروں کی موجودگی کا نظام نافذ کیا جائے۔ یہ انتظام ضروری خدمات سے متعلق دفاتر پر نافذ نہیں ہوگا۔ضرورت کے مطابق گھر سے کام کرنے کے طریقہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے۔اگر پرائیویٹ سیکٹر کے دفاتر میں کام کرنے والا کوئی ملازم کووڈ پازیٹو ہے، تو اسے بھی کم ازکم 07 دن کی تنخواہ کے ساتھ چھٹی دی جائے۔سبھی دفاتر میں کووڈ ہیلپ ڈیسک کا قیام لازمی طور پر کیا جائے۔بغیر اسکریننگ کے کسی کو اندر جانے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماہرین کا ماننا ہے کہ یہ ویریئنٹ پہلے کے ویریئنٹ کے مقابلے کم نقصان دہ ہے۔ بہت کم لوگوں کو اسپتال میں داخل کرنے کی ضرورت ہے۔ ویکسین کووڈ کے خلاف ایک حفاظتی ڈھال ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویکسینیشن کی افادیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سبھی اہل افراد کو جلد از جلد ویکسین لگوائی جائیں۔ 15 سے 17 سال کی عمر کے بچوں کو ویکسین لگانے کے لیے زیادہ سے زیادہ اسکولوں میں خصوصی کیمپ منعقد کیے جائیں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ سرکاری اور پرائیوٹ اسپتالوں میں او پی ڈی مریضوں کی آن لائن اپائنٹمنٹ کے

نظام کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ مریضوں کو ٹیلی کنسلٹیشن کا آپشن دیا جائے تاکہ لوگ صرف خاص حالات میں ہی طبی مشاورت کے لیے اسپتال آئیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بس اسٹینڈ، ریلوے اسٹیشنوں اور ہوائی اڈوں پر ٹیسٹ کے دوران کورونا مثبت پائے جانے والے افراد کو آئسولیشن میں رکھا جائے۔ ان کے لیے کوارنٹین سینٹر، مناسب علاج اور غذا کے لیے موثر انتظامات کیے جائیں۔

وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ اضلاع کے نوڈل افسران کو متعلقہ ضلع میں تین دن کے قیام کے لیے بھیجا جائے۔ ضلع کے دورے کے دوران یہ نوڈل افسران متعلقہ ضلع میں کورونا ٹریسنگ، ٹیسٹنگ، ویکسینیشن اسپتالوں کے ساتھ ساتھ پناہ گاہوں کے انتظامات کا معائنہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے کچھ اضلاع سے گزشتہ روز ژالہ باری کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ ژالہ باری سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے متاثرہ افراد کو فوری امداد فراہم کرنے کی ہدایت دی۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انٹیگریٹڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر اور مانیٹرنگ کمیٹیوں کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے۔ آئی سی سی میں یومیہ کی بنیاد پر میٹنگ بلاکر صورتحال کا جائزہ لیا جائے۔ مانیٹرنگ کمیٹیوں کے ذریعے گھر گھر رابطہ کیا جائے جو لوگ ویکسینیشن کے بغیر ہیں ان کی نشاندہی کی جاسکے۔ اس کی فہرست ضلع انتظامیہ کو فراہم کی جائے، تاکہ ان لوگوں کو ویکسینیشن کی ترغیب دی جاسکے۔

میٹنگ میں وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں کورونا انفیکشن کے 8,334 نئے کیس سامنے آئے ہیں۔ اس دوران 335 افراد کو کامیاب علاج کے بعد ڈسچارج کیا گیا۔ اس وقت ریاست میں کورونا کے فعال کیسوں کی تعداد 33,946 ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ریاست میں 02 لاکھ 01 ہزار 465 کورونا ٹیسٹ کیے گئے۔ ریاست میں اب تک 09 کروڑ 48 لاکھ 53 ہزار 350 کووڈ ٹیسٹ مکمل ہو چکے ہیں۔

گزشتہ روز تک ریاست میں کورونا ویکسین کی 21 کروڑ 38 لاکھ 75 ہزار سے زیادہ خوراکیں دی جا چکی ہیں۔ ویکسین کی دونوں خوراکیں ملاکر 07 کروڑ 91 لاکھ 46 ہزار سے زیادہ لوگوں کو کووڈ سے تحفظ فراہم کیا گیا۔ 13 کروڑ 47 لاکھ 29 ہزار سے زیادہ لوگوں کو کووڈ ویکسین کی پہلی خوراک ملی ہے۔ یہ تعداد ویکسینیشن کے لیے اہل آبادی کا 83.46 فیصد ہے۔

☆☆☆☆☆